# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**

## پریس ریلیز

## وزیراعلیٰ پنجاب ہائی پاور گرین ٹریکٹرز پروگرام کے تحت کاشتکاروں سے درخواستوں کی وصولی میں توسیع

**لاہور: 21 اکتوبر 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب ہائی پاور گرین ٹریکٹرز پروگرام کے تحت 9 ہزار 500 ٹریکٹرز (75 ہارس پاور اور اُس سے زائد) کیلئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔اس ضمن میں 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی پر فراہم کی جائیگی اور زرعی ملکیتی رقبہ کی کم از کم حد 7 ایکڑ ہونی چاہیے۔کمپیوٹرائزڈ موضع جات کے کاشتکار اس پروگرام کے تحت درخواست جمع کرانے کیلئے پورٹل https://gts.punjab.gov.pk/ یا محکمہ زراعت پنجاب کی آفیشل ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk کا وزٹ کریں جبکہ غیر کمپیوٹرائزڈ موضع جات کے کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کی آفیشل ویب سائٹ سے درخواست فارم ڈاؤن لوڈ کریں یا محکمہ زراعت توسیع کے دفاتر سے درخواست فارم مفت حاصل کر سکتے ہیں۔درخواست فارم مکمل کوائف کے ساتھ متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں جمع کرائیں۔اس پروگرام کے تحت درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ **میں 30 اکتوبر 2026** تک توسیع کر دی گئی ہے۔اس کے بعد کسی قسم کی مزید توسیع نہیں کی جائے گی۔مزید معلومات اور رہنمائی کے لیے محکمہ زراعت (توسیع) پنجاب کے متعلقہ دفاتر سے رابطہ کیا جا سکتا ہے یا زرعی ہیلپ لائن 0800-17000 پر روزانہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک کال کی جا سکتی ہے۔

☆☆☆☆